صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 10 ستمبر 2012ء بمطابق 22 شوال 1433 ہجری بعد از دوپہر پانچ بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللّٰہِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

فَبِمَا رَحۡمَةٍ مِّنَ ٱللَّهِ لِنتَ لَهُمۡ ۖ وَلَوۡ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ ٱلۡقَلۡبِ لَٱنفَضُّواْ مِنۡ حَوۡلِكَ ۖ فَٱعۡفُ عَنۡهُمۡ وَٱسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ وَشَاوِرۡهُمۡ فِى ٱلۡأَمۡرِ ۖ فَإِذَا عَزَمۡتَ فَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُتَوَكِّلِينَO إِن يَنصُرۡكُمُ ٱللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمۡ ۖ وَإِن يَخۡذُلۡكُمۡ فَمَن ذَا ٱلَّذِى يَنصُرُكُم مِّنۢ بَعۡدِهِۦ ۗ وَعَلَى ٱللَّهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ۔

(ترجمہ): پھر اللہ کی رحمت کے سبب سے تو ان کے لیے نرم ہو گیا اور اگر تو تند خو اور سخت دل ہوتا تو البتہ تیرے گرد سے بھاگ جاتے پس انہیں معاف کر دے اور ان کے واسطے بخشش مانگ اور کام میں ان سے مشورہ لیا کر پھر جب تو اس کام کا ارادہ کر چکا تو اللہ پر بھروسہ کر بے شک اللہ توکل کرنے والے لوگوں کو پسند کرتا ہے۔ اگر اللہ تمہاری مدد کرے گا تو تم پر کوئی غالب نہ ہو سکے گا اور اگر اس نے مدد چھوڑ دی تو پھر ایسا کون ہے جو اس کے بعد تمہاری مدد کر سکے اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : آنریبل نور سحر بی بی، جی سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: کوئسچن نمبر 4۔

جناب سپیکر: جی۔

* 4 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ کے زیر انتظام رورل ڈویلپمنٹ سیکشن کی گزشتہ تین سالوں کی سالانہ ذمہ داریاں و کارکردگی کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) مذکورہ سیکشن محکمہ بلدیات کے رورل ڈویلپمنٹ سے کس لحاظ سے مماثلت رکھتا ہے، دونوں کا فرق واضح کیا جائے؟

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی)}: (الف) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات، خیبر پختونخوا کا دیہی ترقیاتی سیکشن مندرجہ ذیل سیکٹرز اور پروگراموں کو منصوبہ بندی کے نقطہ نظر سے سرانجام دیتا ہے:

(a) مقامی ترقی۔

(b) مختلف الجہت ترقیات۔

(c) تحقیق و ترقی۔

(d) تعمیر خیبر پختونخوا پروگرام۔

(e) اسپیشل ترقیاتی اجتہادات، خیبر پختونخوا۔

(f) علاقائی ترقیاتی منصوبہ جات۔

(g) باچا خان غربت مکاؤ پروگرام۔

(h) اسپیشل ترقیاتی امداد برائے خیبر پختونخوا پولیس (Phase I & II)۔

دیہی ترقیاتی سیکشن کی ذمہ داریوں میں مذکورہ سیکٹرز اور پروگراموں کی سالانہ ترقیاتی پروگرام (ADP) کی تیاری، اس میں شامل مختلف ترقیاتی کاموں کی جانچ پڑتال، ترجیحات، انکی نوعیت اور مختلف زاویوں سے انکی تکنیکی جانچ پڑتال وغیرہ کے ساتھ ساتھ اسکو منظوری کیلئے پیش کرنے کا عمل بھی شامل

ہے۔یہ سیکشن مختلف صوبائی و علاقائی سیکٹرز میں منصوبوں کی ترجیحات کو عوام کی ضروریات اور دستیاب فنڈز کی موجودگی سے منطبق کرتا ہے اور انکی انجام دہی کیلئے طریقہ کار اور اصول وضع کرتا ہے۔اسی طرح ہر ترقیاتی کام کی انجام دہی اور اس کے بنیادی اصول جیسا کہ مختلف کاموں کے PC-1اورEstimateکی جانچ پڑتال،افادیت اور ان کی متعلقہ محکموں سے قریبی وابستگی اور طریقہ کار اس سیکشن کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

گزشتہ تین سالوں میں RD سیکشن نے سالانہ ترقیاتی منصوبوں،اے ڈی پیز کی تیاری کی ساتھ ساتھ ان میں موجودہ 8937سکیموں کے PC-1کی جانچ پڑتال کی اور سیکشن کی سطح پر 200سے زیادہ Pre-PDWP اجلاس منعقد کئے اور ان اجلاسوں کی بنیاد پر PDWPکیلئے ورکنگ پیپرز اور ان کے Minutesتیار کئے۔اس کے علاوہ ان تین سالوں میں چھ سے زیادہ Project Review(PRB) Boardکے اجلاس منعقد کرائے۔ترقیاتی سکیموں کی صحیح رفتار اور سمت پرکھنے کیلئے RDسیکشن کے تحت مختلف محکموں کے ساتھ سہ ماہی اجلاس منعقد کئے گئے جن میں ان سکیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور ان جائزوں کو حکام بالا کی نظر میں لایا گیا۔

مزید برآں RD سیکشن کے تحت شروع میں ذکر کئے گئے سیکٹرز کی 8937سکیموں کیلئے 31637.56 ملین روپے کی رقوم مختص کی گئیں اور انکی ترسیل کو ممکن بنایا گیا۔

جہاں تک اس سیکشن کی سابقہ تین سالوں کی کارکردگی کا تعلق ہے،اس کا اندازہ اس سیکشن سے تعلق رکھنے والے سیکٹروں کے گزشتہ تین سالوں کے فنڈز اور منصوبوں کی تعداد سے بھی لگایا جاسکتا ہے۔ (تفصیل فراہم کی گئی)۔

صوبے کی مجموعی سماجی اور اقتصادی ترقی کیلئے منصوبہ بندی کرنا محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے فرائض منصبی میں شامل ہے،لہذا محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات صوبے کی سماجی اور اقتصادی ترقی کیلئے محدود وسائل کے اندر رہتے ہوئے ترقیاتی منصوبہ بندی کے فرائض انجام دیتا ہے جسمیں سب سے اہم ذمہ داری صوبے کی ترقیاتی پالیسی سازی ہے جس کے ذریعے علاقائی ترقیاتی تفرقات کو کم کیا جاتا ہے اور مختلف Sectoral policies programsاور خصوصی ترقیاتی پروگرام ترتیب دیئے جاتے ہیں۔اس کے علاوہ سالانہ ترقیاتی پروگرامز ADPاورPSDP کی سکیموں کی تیاری اور منظوری کے علاوہ سیکٹروائز فنڈز کی AllocationاورRe-appropriationوغیرہ محکمہ منصوبہ بندی کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔

بشمول دیہی ترقیاتی سیکشن محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات میں گیارہ سیکشنز ہیں جو کہ اوپر ذکر کئے گئے ہیں جو مختلف سیکٹرز اور پروگرامز کو سرانجام دیتے ہیں۔

جہاں تک محکمہ لوکل گورنمنٹ اور دیہی ترقیات اور محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات (P&D) کے دیہی ترقیاتی سیکشن (RD) کا تعلق ہے تو محکمہ لوکل گورنمنٹ صوبے کی مقامی سطح پر ترقیاتی سکیموں کی انجام دہی کا کام سرانجام دیتا ہے جبکہ دیہی ترقیاتی سیکشن (RD) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات (P&D) میں لوکل سطح پر محکمہ لوکل گورنمنٹ کیلئے پالیسی سازی اور رہبرانہ اکائی کے طور پر کام کرتا ہے۔ اسی طرح ہر محکمہ کیلئے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات (P&D) میں الگ الگ سیکشنز ہیں مثلاً تعلیم، زراعت، صحت وغیرہ کے سیکشنز۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any supplementary?

<u>Ms. Noor Sahar</u>: No Sir, thank you.

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔ Next، نور سحر بی بی، سوال نمبر؟

<u>Ms. Noor Sahar</u>: Question No. 5. Sir, satisfied.

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔

* 5 _ <u>محترمہ نور سحر:</u> کیا وزیر منصوبہ بندی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران بارانی پراجیکٹ کے ذریعے ٹیوب ویل اور دوسرے کام بغیر ٹینڈر کے کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(ا) مذکورہ ٹیوب ویل اور کئے گئے کاموں کی ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے، نیز مذکورہ کام کس محکمہ کی نگرانی میں کئے گئے ہیں؛

(2) آیا مذکورہ کاموں میں عوامی نمائندوں کی مشاورت لی گئی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

<u>جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی)}:</u> (الف) بارانی پراجیکٹ نے دسمبر 2008 سے کوئی کام نہیں کیا ہے، تاہم دسمبر 2008 میں پراجیکٹ نے ٹینڈر اور بغیر ٹینڈر کے کام کئے ہیں۔

(ب) (1) بارانی پراجیکٹ ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) اور انٹرنیشنل فنڈز برائے ایگریکلچر ڈیویلپمنٹ کے تعاون سے چلایا جاتا تھا کیونکہ مندرجہ بالا ڈونرز نے دسمبر 2008 سے پراجیکٹ کو فنڈ مہیا کرنا بند کیا، لہذا اس کے بعد پراجیکٹ نے کوئی ترقیاتی کام نہیں کیا اور پراجیکٹ کو ستمبر 2010 میں مکمل طور پر بند کیا گیا۔

پراجیکٹ کا طریقہ کار: پراجیکٹ ڈونر کے بتائے ہوئے طریقہ کار کے مطابق کام کرتا تھا جو تنظیم سازی کے طریقہ کار پر کام کرتا تھا۔ جس میں مختلف NGOs تنظیم سازی کا کام کرتی تھیں اور تنظیم کے ارکان کے باہمی مشورے سے قرارداد کے ذریعے سے اپنی ضروریات کی نشاندہی ترجیحی بنیادوں پر کرتے تھے۔ قرارداد کی روشنی میں سماجی اور تکنیکی جائزہ NGOs سٹاف، تکنیکی عملہ اور بڑی سکیموں میں کنسلٹنٹ سکیم کی نوعیت کے مطابق اپنی رائے کا اظہار کر کے ترجیحی سکیم کا تعین کرتے تھے۔ چھوٹی سکیمیں تنظیموں اور بڑی سکیمیں PC-1 میں نشاندہی کردہ سرکاری اداروں کے ذریعے مکمل کی جاتی تھیں۔ (تفصیل فراہم کی گئی)۔

(2) کیونکہ یہ Demand Driven اور کمیونٹی 'بیسڈ' پراجیکٹ تھا اس لئے اس میں عوامی نمائندوں سے جہاں ضرورت ہوتی تھی، مشاورت کی جاتی تھی۔

Mr. Speaker: Any supplementry?

اور Satisfied تو آپ پہلے کہہ چکی ہیں، اچھا ہے تھوڑا سا میں نے پڑھا تھا تو اچھی انفارمیشن ہیں، ہاؤس کیلئے آپ اچھا Contribution کر رہی ہیں۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی حبیب الرحمان تنولی صاحب! کوئی خامی نظر آئی ہے آپ کو شاید؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی: جی ہاں، قانونی۔ جناب عالی، ایک تو یہ ضمنی جو سوال ہے، وہ یہ ہے کہ پولیس کے پاس کافی فنڈز ہیں اور جو کرایے پر بلڈنگز لی ہوئی ہیں، اس کے بقایاجات کیوں ہیں؟

جناب سپیکر: تھوڑا سا صبر کریں، وہ آرہا ہے ابھی۔ دا کوم یو دے ؟ 28 تہ دے لاڑو کنہ۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: یہ پانچ نمبر ہے۔

جناب سپیکر: پانچ والا تو گزر چکا ہے، وہ تو پراجیکٹ سے ہے، بارانی پراجیکٹس سے ہے۔ نور سحر بی بی، Next۔

Ms. Noor Sahar: Thank you, Mr Speaker. Question No. 28.

جناب سپیکر: جی۔

* 28 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع پشاور کے مختلف علاقوں میں پولیس سٹیشن کرایے کی بلڈنگز میں قائم ہیں اور مالکان کو کئی کئی ماہ سے کرایہ بھی نہیں دیا جارہا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع پشاور میں کرایہ کی بلڈنگز میں قائم پولیس سٹیشن کی تعداد اور طے شدہ معاہدات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) ضلع پشاور کے مختلف علاقوں میں پولیس سٹیشن و چوکیات کرایے کی بلڈنگز میں قائم ہیں اور کئی کئی ماہ سے کرایہ اس لئے نہیں دیا گیا ہے کہ فنڈ ختم ہے اور فنڈ کیلئے بحوالہ چھٹی نمبر 5779/PO مورخہ 04-04-2012 کے ذریعے CPO کو ڈیمانڈ کی گئی ہے۔ فنڈ ملنے پر بقایاجات کی ادائیگی کی جائیگی۔

(ب) ضلع پشاور میں چار عدد تھانہ جات اور آٹھ عدد چوکیات کرایے کی بلڈنگز میں قائم ہیں۔ (طے شدہ معاہدات کی کاپیاں فراہم کی گئیں)۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: سر، اس میں صرف میں اتنا پوچھنا چاہتی ہوں کہ گورنمنٹ سے ایشورنس لینا چاہتی ہوں کہ جو مالکان رہتے ہیں جن کو ابھی تک کرایہ نہیں ملا، کیا ان کو دینے کی یہ یقین دہانی کرا سکتے ہیں کہ جو لوگ رہ گئے ہیں، ان کو کب تک یہ پیسے مل جائینگے؟

جناب سپیکر: یہ کرایے کی بلڈنگز جو ہیں؟

محترمہ نور سحر: جی جی۔

جناب سپیکر: جی تنولی صاحب! اب اس میں آپ بول سکتے ہیں۔ پولیس کا کیا ہے، کرایہ رہتا ہے ادھر بھی؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی: میرے دو پوائنٹس ہیں جی، پہلا پوائنٹ یہ ہے کہ پولیس کے پاس کافی پیسہ ہوتا ہے، بجٹ ہے اس کا، یہ اسمبلی گرانٹ کرتی ہے اور یہ جو پرائیویٹ لوگ ہیں، جن کی بلڈنگز کرایے پر لی ہوئی ہیں، ان کے پیسے کیوں بقایا ہیں؟ ایک بات یہ ہے، منسٹر صاحب وضاحت کریں۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ جو ایگریمنٹ لگا ہوا ہے، اگر آپ پڑھیں تو مالکان کی طرف سے لکھ کر لیا ہوا ہے کہ میں ایسے لونگا، ایسے لونگا، یہ ایگریمنٹ کی تعریف میں نہیں آتا، تو یہ بھی ایک Defective agreement ہے، اس کی بھی وضاحت کریں؟

جناب سپیکر: یہ زیادہ فنڈ کی بات آپ کو کس نے کہی ہے، یہ پولیس کے پاس بہت زیادہ فنڈ کی بات کس نے کہی ہے؟ ہاں جی۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: خود آپ دیکھیں نا۔۔۔

جناب سپیکر: میں دو چار چوکیوں کیلئے تین سال سے رو رہا ہوں، نہیں بن رہیں، تو کہاں ہے، فنڈ کہاں ہے جو آپ بتا رہے ہیں؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی: ذرا بجٹ کو آپ دیکھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: اگر آپ کو یاد نہیں ہے تو بجٹ کو دیکھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، وہ پولیس کیلئے ایسی مراعات، اتنی چیزیں بڑھا دی ہیں کہ وہ ان پر جاتا ہے۔ ویسے آنریبل لاء منسٹر صاحب، زیادہ اچھا کون؟ یا بشیر بلور صاحب، ٹریژری بنچز سے کوئی بات کرے جی۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون و پارلیمانی امور): مہربانی جی، شکریہ۔ میں محترمہ نور سحر بی بی کو یقین دلاتا ہوں کہ ان شاء اللہ جتنے بھی بقایاجات ہیں، جلد Payment ہو جائیگی اور پہلے بھی Payments Regularly ہوتی رہی ہیں، تھوڑا بہت گورنمنٹ کا جو ہوتا ہے، فنڈز میں کبھی کبھی کمی کی وجہ سے تھوڑا لیٹ ہو جاتا ہے لیکن She should rest assure کہ سب کو ملے گا۔ باقی یہ ہے کہ جیسا آپ نے فرمایا کہ ابھی چونکہ یہ لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن، Insurgency ایک دم ایسی آگئی کہ نئی چوکیاں نئے پولیس سٹیشن Immediately کھولنا پڑے۔ اس کی وجہ سے Rented buildings hire کی گئیں اور اس کا اپنا جو ایک Cell ہے ڈیویلپمنٹ کا، وہ بنایا جا رہا ہے مختلف شہروں میں، صوبے میں ہر جگہ پر پولیس سٹیشنز بنا رہے ہیں لیکن وہ By Stages آ رہے ہیں، ان شاءاللہ وہ جب بن جائیں گے تو پھر ضرورت نہیں پڑیگی، یہی ہے اور ایگریمنٹس جو ہیں، پولیس پھر ایسا ایگریمنٹ کرتی ہے، تنولی صاحب! اللہ بچائے ان سے۔۔۔۔۔

(قہقہہ)

جناب سپیکر: تنولی صاحب! جو خیراتیں تھیں، وہ بھول جائیں۔ ابھی بس جو چادر ہے اس کے برابر پاؤں پھیلائیں گے اور زندگی گزاریں گے، جو اور کہیں سے ہم پر آ رہے تھے، وہ بس بھول جائیں، وہ چیزیں۔ نور سحر بی بی، 'نیکسٹ' کوسچن، سوال نمبر؟

Ms. Noor Sahar: Twenty nine.

جناب سپیکر: جی۔

* 29 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ کے زیر سایہ پراسیکیوشن برانچ موجود ہے جو کہ سرکار کے خلاف اور سرکار کی طرف سے دائر کئے گئے کیسز کی پیروی کرتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ سال کے دوران فیصلہ شدہ کیسوں کی تعداد کی تفصیل Month wise اور ضلع وائز فراہم کی جائے؛

(ii) سول اور کریمینل جیتے اور ہارے ہوئے کیسوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

<u>جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا)</u>: (الف) جی ہاں، سول مقدمات کی پیروی لاء ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری ہے اور فوجداری مقدمات کی پیروی پراسیکیوشن جو کہ محکمہ داخلہ کا ذیلی ادارہ ہے، کی ذمہ داری ہے۔

(ب) کیسوں کی تعداد بمعہ تفصیل Month Wise اور ضلع وائز فراہم کی گئی۔

(ii) محکمہ پراسیکیوشن صرف کریمنل کیسز کی پیروی کرتا ہے، جس کی تفصیل ایوان میں پیش کی گئی اور سول کیسز کی پیروی لاء ڈیپارٹمنٹ کے اختیار میں آتی ہے Month Wise اور ضلع وائز فیصلہ شدہ کیسوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، سپلیمنٹری؟

<u>محترمہ نور سحر</u>: نہیں سر، Satisfied ہوں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you.

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: جناب والا!

<u>جناب سپیکر</u>: جی ملک صاحب۔۔۔۔

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: یو منٹ را کړئ جی، یو منٹ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی جی، ملک قاسم خان۔ ښه جی، ښه جی، بالکل جی۔

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: سر جی، یہاں یہ بتاتے ہیں کہ ضلع وائز فہرست ہمراہ لف ہے مگر یہاں تو کوئی فہرست نہیں ہے اور ساتھ ساتھ میری ریکویسٹ ہے جناب ان چار۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: مائیک کے قریب ذرا بات کریں تو۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: سر ریکویسٹ یہ ہے کہ یہاں بتایا جاتا ہے کہ فہرست ضلع وائز ہمراہ لف ہے مگر یہاں تو کوئی فہرست نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں ریکویسٹ کرتا ہوں جناب منسٹر صاحب سے کہ انہوں نے کوہاٹ میں یہاں پشاور سے تقریباً 34 بندے خالی جگہوں پر ٹرانسفر کئے ہیں، کیا وجہ ہے، کوہاٹ ڈویژن میں لوگ نہیں تھے؟

جناب سپیکر: اچھی بات ہے۔ جی نصیر محمد خان۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر، اس سوال کے دوسرے ورق پر اگر آپ دیکھ لیں، لکی مروت نیچے لکھا ہوا ہے جی، اسی کے حوالے سے میرا کوئسچن یہ ہے جی کہ اس میں دو سکیمیں بتائی گئی ہیں، ٹیوب ویل، ڈگ ویل بیسز ڈی ڈبلیو ایس ایس Ongoing عبدالخیل لارج اور دوسرا ٹیوب ویل لارج بیسز کجوڑی، یہ دونون ٹیوب ویلز Ongoing show کئے گئے ہیں ان کو Complete کیوں نہیں کرایا جاتا اس کی کیا وجوہات ہیں جناب سپیکر؟

جناب سپیکر: یہ سوال کیا ہے اور آپ کیا پوچھ رہے ہیں؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: میں جی سوال لاتا ہوں پھر اس۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ذرا دیکھ لیجئے، آپ بیٹھ جائیں، آرام سے خیر ہے پڑھ لیں۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: یہ پانچویں سوال میں انہوں نے پوچھا جی۔

جناب سپیکر: وہ تو کب کا گزر چکا ہے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: گزر چکا ہے، I withdraw my question۔

جناب سپیکر: جی ملک قاسم خان خٹک صاحب۔ جواب دے کوئی، ویسے ہے شاید، تفصیل ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: یہ تفصیلات تو مکمل اردو، انگریزی سب میں دی ہوئی ہیں اور باقی یہ تو پراسیکیوشن کے حوالے سے سوال ہے، انہوں نے پولیس کے حوالے سے کیا ہے تو میرا خیال ہے
That is irrelevant, Thank you, ji.

جناب سپیکر: وہ علیحدہ فیلڈ ہے اور ملک صاحب! یہ پراسیکیوشن کا ہے، یہ پولیس کا ایک ذیلی ادارہ ہے، نہ کہ بھرتی کا، جب نمبر آئیگا تو پھر وہ بھی ان شاء اللہ جواب ان سے مانگیں گے۔ نور سحر صاحبہ، Again نور سحر صاحبہ، سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: سوال نمبر 30۔

جناب سپیکر: جی۔

* 30 _ محترمہ نور سحر: کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) محکمہ پولیس، ایف آر پی میں بھرتیاں ہوئی ہیں;
(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2011 سے تاحال بھرتی شدہ افراد کی تعداد اور خالی آسامیوں کی تعداد ضلع وائز فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان(وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) ہاں یہ درست ہے کہ ایف آر پی میں بھرتیاں ہوئی ہیں۔
(ب) سال 2011 سے تاحال بھرتی شدہ افراد کی تعداد ضلع وائز(فراہم کی گئی)۔ جتنے افراد بھرتی ہوئے ہیں،وہ آسامیاں خالی تھیں،ابھی موجودہ وقت میں کوئی آسامی خالی نہیں ہے۔

Mr.Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: لیس سر۔ سر،اس میں میرا اسپلیمنٹری یہ ہے کہ جوانہوں نے بھرتی کی ہے تواس کاطریقہ کار کیا تھااور کوئی کمیٹی بھی تشکیل دی تھی کہ نہیں؟اور دوسرا کوئسچن میرا یہ ہے کہ انہوں نے چترال سے بہت کم لوگوں کو بھرتی کیاہے،اس کی وجہ سے جو ہمارے چترالی بھائی ہیں،تو سارے آرمی میں بھرتی ہوگئے،افغان آرمی میں بھرتی ہوگئے تو یہ بڑی زیادتی ہے کہ ان کو بھی،مطلب ہے Equal share ملنا چاہیئے تھا۔

جناب سپیکر: جی۔ ملک قاسم خانه! اوس بهرتی غواړې که نه؟

ملک قاسم خان خٹک: سر جی دا ایف آر پی پولیس چې دے ، دا تقریباً په ډسټرکټ وائز باندې اوس د دوئ فیصله ده خو زه جی دا ریکویسټ کوم چې مونږ ته دا پته لګیدلې ده بلکه زه Sure یم چې 34 کسان د پیښور نه هلته په کوهاټ کښې نمبرې ورکړې آیا د کوهاټ ډویژن خپل خلق نه وو؟او بل آیا د بیا د پاره، د مستقبل د پاره دوئ دا اراده لری چې په ډسټرکټ وائز به دا ټولې بهرتئ کیږی، نه دا چې دلته پشاور کښې Centralize کړی؟ شکریه۔

جناب سپیکر: لاء منسټر صاحب، دا یواځې په پیښور کښې ولې کوئ؟ ملک صاحب خفه دے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: داسې ده جی، دا ایف آر پی چې کوم دے، دا خو Reserved police دے او د دې هیډ کوارټر په پشاور کښې دے او د دې

بهرتی داوس نه نه، د همیشه نه هم په پیښور کښې کیږی او چونکه دا خو پولیس دے، دیوې صوبې پولیس دے، دلته چې واخستے شی نو هغه کوهاټ ته هم لیږی، مردان ته هم لیږی، هزارې ته لیږی، داسې چې کله هزاره کښې کرائسز وو، د پیښور پولیس د دې ځائے نه هلته کښې Deploy شوے وو نودا خو څه داسې Illegal-----

جناب سپیکر: په دیکښې بهرتی د ټولې صوبې نه کیږی۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: د ټولې صوبې نه په یو ځائے دلته بهرتی کیږی، د هیډ کوارټر لیول باندی کیږی او باقاعده د دې چې چا پکښې حصه اخستې وی یا کومو ممبرانو دا پراسیس کتلے وی نو هغه منډه هم پکښې وی او بیا Hight وغیره، عمر، دا هر څه بنه-----

جناب سپیکر: څه ضلع وائز کوټې نه دی مقرر؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور: نه جی، په ایف آر پی کښې نه وی جی، ضلع وائز داسې څه دغه پکښې نه وی۔

جناب سپیکر: ستاسو جواب ملاؤ شو ملک قاسم خان؟

ملک قاسم خان خټک: منسټر صاحب چې دا کوم جواب ورکړو، زه Categorically داسمبلئی په فلور دا وایم چې دا بالکل غلط دے۔ آئی جی پی صاحب باقاعده ضلع وائز اوس د بهرتئ آرډر کړے دے او مخکښې دا پولیس چې دے دا ډسټرکټ وائز وی او دا د پولیس کمیټئ، داخله کمیټئ چیئرمین دے، ریجنل وائز بهرتئ به کیږی، د صوبې په لیول باندې قطعاً بهرتی نشته او جی په دیکښې دومره، داد کمیټئ ته ریفر شی، زه ریکویسټ کوم منسټر صاحب ته چې په دیکښې دومره کرپشن شوے دے، اوس Recently چې ایډورټائزمنټ نه دے شوے، په 2 لاکھ 80 هزار باندې یو یو سړے بهرتی شوے دے، دا زه د اسمبلئ په فلور باندې وایم، زه به اوس داسې رااوغواړم سپیکر صاحب، دوئ ته به ئے پیش کړم۔

جناب سپیکر: آنریبل لاء منسٹر صاحب پلیز۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: په دغه کښې دومره لوئے الزام ولګیدو جی نوزه خو پخپله دا غواړم چې دا د کمیټئ ته لاړ شی او دوئ د پخپله Prove کړی چې یره دا۔۔۔۔۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourble Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee.

لیکن دو تین دن میں اس کا چیئرمین صاحب، زیادہ نہیں، لمبا کھاتہ نہ کریں۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر جی؟

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر کے بارے میں تو اختلاف ہے ایک جگہ 12 لکھا ہوا ہے اور ایک جگہ 74 لکھا ہوا ہے۔

جناب سپیکر: بس 74 آپ پڑھیں جی۔

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 74۔

جناب سپیکر: جی۔

* 74 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مانسہرہ کے مختلف تھانوں کی حدود میں چوری کے واقعات ہوتے ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بعض چوروں کو گرفتار کیا گیا ہے اور بعض چور گرفتار نہیں ہو سکے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) تھانہ شنکیاری، بفہ اور تھانہ خاکی میں پچھلے تین سالوں میں چوری کے کتنے واقعات ہوئے ہیں;

(ii) مذکورہ تھانوں کے کتنے چور گرفتار اور کتنے گرفتار نہیں ہو سکے، تفصیل جدول کے ذریعے فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) یہ درست ہے کہ بعض مقدمات میں چور گرفتار ہوئے ہیں اور بعض مقدمات میں ملزمان کی گرفتاری نہیں ہو سکی۔

(ج) (i) پچھلے تین سالوں میں تھانہ شنکیاری میں کل 42 مقدمات، بفہ میں 24 مقدمات اور تھانہ خاکی میں 22 مقدمات درج (رجسٹرڈ) ہوئے۔

(ii) پچھلے تین سالوں میں چوروں کی گرفتاری اور عدم گرفتاری کی تھانہ وائز تفصیل درج ذیل ہے:

سال	تھانہ	مقدمات چوری رجسٹرڈ	ملزمان چارج	ملزمان گرفتار	فیصدی	عدم گرفتار
2008	شنکیاری	16	43	31	72%	12
2009	شنکیاری	17	40	39	98%	1
2010	شنکیاری	9	11	10	91%	1
2008	بفہ	6	14	14	100%	
2009	بفہ	7	15	13	87%	2
2010	بفہ	11	23	20	87%	5
2008	خاکی	1	1		0%	1
2009	خاکی	10	46	39	85%	7
2010	خاکی	11	32	27	84%	5

جناب سپیکر: سپلیمنټری سوال پکښې شته دے جی؟

مفتی کفایت اللہ: او جی، ما دوئ نه پښتنه کړې وه ډیر ادب سره چې د درې تهانو ما ته د غلا مقدمات اوښایا، هغې کښې هغوی څه ریکوری کړې ده؟ نو دوئ چې کوم جواب راکړے دے، هغې کښې تهانه شنکیاری چې کومه ده، د هغې فنکشن کمزورے دے او تهانه بفه او تهانه خاکی، هغه ما شاء الله ټهیک دی، زیات تر تهانه بفه، نو زه محترم وزیر صاحب نه پښتنه کوم چې داسې چې کوم ایس ایچ او راشی او هغه ښه کارکردګی وکړی نو د هغه انعام څه دے او چې کوم سړے سستی کوی په دې معاملاتو کښې، نو هغه له سزا څه ده؟

جناب سپیکر: جی۔آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، دا خو هسې سوال، چونکه جی د دې خو جواب ورکول گرانه شوه خو بهرحال داسې ده چې کارکردگۍ نه زما خیال دے دوئ مطمئن ښکاری۔

جناب سپیکر: پکار دی دا ایوب خان د دوئ جواب ورکړی، ایوب خان اشاړی صاحب بیا ورکړی۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: نو زه به دا وایم چې مفتی صاحب Satisfied دے جواب نه انشاء الله، باقی پولیس والا ښه او بد پولیس خو په دیکښې فرق کول لږ گران دی۔

جناب سپیکر: دا ښه او بد ئے تاسو ته ټول ښه معلوم دی۔ جی مفتی صاحب، پکښې نور څه وایئ تاسو؟Again، مفتی کفایت الله صاحب۔ دا تاسو ښه یئ، یو دوه آنریبل ممبرز دی چې دغه مو گرم کړے دے، دا محفل تاسو، خدائے د خوشحاله لری۔

مفتی کفایت اللہ: دا دے جی 75۔

جناب سپیکر: جی۔

* 75 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ شورش زدہ علاقوں میں جن پولیس ملازمین نے نوکری چھوڑی، انہیں خیر سگالی کے جذبے کے تحت دوبارہ بحال کیا گیا تھا، مذکورہ ملازمین میں سے بعض کو بحال نہیں کیا گیا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) جن ملازمین کو ابھی تک بحال نہیں کیا گیا، ان کی عدم بحالی کی وجہ کیا ہے؛

(ii) مذکورہ ملازمین کے نام، سکونت کا ضلع اور پولیس میں عہدہ پر مشتمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) جن ملازمین کو ابھی تک بحال نہیں کیا گیا تو ان کی عدم بحالی کی وجہ دہشت گردوں سے روابط، غیر حاضری، ملک سے باہر جانا، بزدلی کا مظاہرہ کرنا، ٹریننگ سنٹر سے بھگوڑا ہونا جبکہ بعض ملازمین نے بحالی کیلئے کوئی اپیل دائر ہی نہیں کی ہے۔

(ii) وہ ملازمین جو بحال نہیں ہوئے ہیں، ان کے نام، ضلع اور عہدہ کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری سوال شته؟

مفتی کفایت اللہ: او جی۔ دیکښې سپلیمنټری دا دے چې ما دوئ نه پښتنه کړې وه چې د دهشت گردئ په وجه چې کوم کسان په دې معامله کښې تاسو بحال کړی دی نو ما ته د هغې وجوهات اوښایا نو دوئ په وجوهاتو کښې د بخل اظهار کړے دے یو څو جملې ئے لیکلی دی او لاندې ایضاً ایضاً، حالانکه د هر یو سړی حالات مختلف وی۔ نو چې کوم کسان غیر حاضر وو د هغوی سزا هم مختلف ده، کوم کسان بهر ملک ته تلی وو د هغوی سزا بل شان ده او اطلاع ئے نه وه کړې او کومو کسانو چهټی اخستې وه، هغوی بالکل بل شان دی او کوم کسان موقع باندې چې د هغوی دهشت گردو سره رابطې وې نو هغوی بالکل جدا سزا ده او په موقع باندې وو او تهاڼې ورته خالی کړې نو د هغوی جی بالکل جدا غوندې سزاده، نو زما دا خیال دے چې دې ته جدا جدا تفصیلونه ئے راکړی وے که محترم وزیر صاحب یو دا مهربانی وکړی دا کمیټی ته ریفر کړی نو هلته به لږ تفصیلات معلوم شی۔

جناب سپیکر: جی۔ آنریبل لاء منسٹر۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: نو داسې ده جی چې دا خو ډسپلن فورس پولیس، دیکښې خو دا چې څومره کوم چارجز باندې کسان Dismiss شوی دی، گوره یا خو د دوئ دهشت گردو سره رابطې وې یا غیر حاضر وو، غیر حاضری هم په پولیس کښې چې کوم دے، سروسTerminate کیږی۔ بنه څه د ملک نه بهر تلی دی، چا د بې غیرتوب مظاهره کړې ده، څوک د ټریننګ سنټرنه بهگوړا شوی دی۔ دا ټول داسې قسم چارجز دی چې هغې باندې Maximum penalty د سروس رولز لاندې چې کوم د پولیس خپل دغه دے نو اوس ما ته به پرې څه اعتراض نه وی خو دا به یو ډیر لوئے Exercise وی او دا خلق، د دوئ د بحالئ دوباره چانس نشته ځکه چې مونږ په ډسپلن فورس کښې دا خلق مونږه په څه طریقې سره سیاسی دغه باندې راولو نو بس هغه ټول فورس به ځان له تباه کول وی، دغه لحاظ سره به زه

دا خواست کوم چې دا د دوئ نه Press کوی او د داسې قسم خلقو ملګرتیا چې ونشی نو ښه به وی۔

جناب سپیکر: جی۔

مفتی کفایت اللہ: زه ډیر احترام لرم جی ارشد عبد الله صاحب د پاره، زما خو خیال دا دے چې دا زمونږ په تاریخ کښې یو داسې انوکها غوندې واقعه راغلې وه نو هر یو سړے پریشان وو ذهنی طور باندې Disturb وو چې چا څنګه مقابله کړې ده او چا څنګه نه ده کړې، دې خلقو باندې یوغټ افت راغلے وو نو زمونږه خیال دا دے چې هغه خلق چې کوم کام چور دی، په موقع باندې تښتی او خپله ډیوټی نشی کولې، هغوی د مخې ته شی۔ د دې معنیٰ دا نه چې مونږ پولیس والا راکاږو، داسې خلق هم شته چې هغوی بهادری کړې ده او مونږه دې فلور باندې د هغوی صفت هم کړے دے۔ یو اجتماعی یو قومی مصیبت راغلے وو، د دې نه باوجود محترم ارشد عبد الله صاحب چې مناسب نه ګڼی نو زه به Press کوم نه۔

Mr. Speaker: Thank you, ji. Again Mufti Kifayatullah, Question number?

مفتی کفایت اللہ: 76۔

جناب سپیکر: جی۔

* 76 _ مفتی کفایت اللہ: کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں غیرملکیوں کااندراج کیاجاتاہے;

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ غیرملکیوں کی اکثریت قانون کااحترام کرتی ہے جبکہ بعض افراد غیر قانونی سرگرمیوں میں بھی ملوث ہیں;

(ج) اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) غیرقانونی سرگرمیوں میں ملوث غیرملکی افراد کی تفصیل کیاہے، نیزحکومت نے ان کے خلاف کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان(وزیراعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(i) غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے قانون کے مطابق کارروائی کی جاتی ہے۔ مندرجہ ذیل غیر ملکیوں کے خلاف 14 Foreign Act کے تحت کارروائی عمل میں لانے کے بعد عدالت سے سزایاب ہوکر اپنے آبائی ممالک کو واپس بھیج دیئے گئے ہیں:

نام ممالک	افغانستان	نائجیریا	امریکہ	یوکے	گھانہ	ساؤتھ افریقہ	بنگلہ دیش	زمبیا	نیپال
سال2010	2979	18	01	-	01	01	01	01	02
سال2011	338	01	-	01	-	-	-	-	-

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: نه جی، زه دې جواب باندې هغوی له داد ورکوم، زمونږ د صوبې په وقار کښې دې جواب سره ډیر اضافه شوې ده. ما دا پښتنه کړې ده چې غیر قانونی سرګرمو کښې ملوث چې کوم غیر ملکیان دی، تاسو څه کړی دی؟ نو هغوی باندې دوئ مقدمات هم جوړ کړی دی او بیا د قانون مطابق ئے واپس کړی هم دی، نو زه Appreciate کوم.

جناب سپیکر: شکریہ جی، تھینک یو۔ جی آنریبل حبیب الرحمان تنولی صاحب۔

الحاج حبیب الرحمن تنولی: جناب، منسٹر صاحب سے میں یہ گزارش کروں گا کہ اگر یہ بیرونی ممالک کے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث لوگوں کی تعداد دیکھیں تو 3317 لوگ افغانی ہیں۔ تو پوچھنا میں یہ چاہتا ہوں، کیا کوئی پلان ہے کہ ہمارے معاشرے سے یہ لوگ واپس جائیں اور کم از کم یہ ساڑھے تین ہزار لوگ سال میں غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث نہ پائے جائیں؟

جناب سپیکر: جی۔ جواب تو منسٹر صاحب دیں گے لیکن آج بھی آپ پشاور میں نکلیں تو آپ دس ہزار سے زیادہ پکڑ لیں گے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: ایسا ہے جی کہ اس میں تو زیادہ تر جتنی ہماری افغان برادری ہے، ادھر اس صوبے میں، اس ملک میں اور میجارٹی کے پاس پی آر کارڈز ہوتے ہیں، Permanent residence card جو ایشو کرتی ہے ہماری فیڈرل گورنمنٹ، اور اس کے ساتھ UNHCR کے ادارے منسلک ہوتے ہیں تو باقی وہ لوگ جن کے پاس پی آر کارڈ نہیں ہوتا، وہ لوگ یہاں سے چلے جاتے ہیں، پھر دوبارہ واپس آتے ہیں یا ان کے پاس کوئی Identity نہیں ہوتی، یہاں پر آجاتے ہیں تو یہ ان لوگوں کے متعلق ہے جن کو اگر پکڑا جاتا ہے تو باقاعدہ Foreign Act کے تحت ان پہ چالان کیا جاتا ہے، انہیں Deport کیا جاتا ہے۔ یہی طریقہ ہے اور ہمارے پاس Porous border ہے اور اس چیز کو روکنا Almost

impossible ہے، نہ ہی وہاں سے لوگوں کو یہاں پہ آنے میں اور نہ یہاں سے لوگ کو وہاں پہ جانے میں، تو یہ مشکلات ہیں۔

جناب سپیکر: خالی جن کی Clear identification نہیں ہوتی، ان کو پکڑا جاتا ہے؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور: بالکل جی، بالکل۔

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب، Again، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: جی سوال نمبر 77۔

جناب سپیکر: جی۔

* 77 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بٹگرام میں ایک سب جیل موجود ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 2005 کے زلزلے میں مذکورہ جیل کو شدید نقصان پہنچا تھا جس کی وجہ سے وہ ناقابل استعمال ہے;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع بٹگرام کے قیدی اور حوالاتی سب جیل بٹگرام کے خراب ہونے کی وجہ سے مانسہرہ اور داسو کوہستان میں رکھے جاتے ہیں;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ سب جیل کی بحالی اور مرمت کیوں نہیں کی گئی، اس کی بحالی اور مرمت پر اخراجات کا تخمینہ کتنا ہے;

(ii) حکومت مذکورہ جیل کو مرمت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ج) ضلع بٹگرام سے تعلق رکھنے والے قیدیوں اور حوالاتیوں کو مانسہرہ جیل میں رکھا جاتا ہے۔

(د) (i) فنڈز کی عدم دستیابی اور جیل مذکورہ کچھ عرصہ تک پاک آرمی کے زیر استعمال رہنے کی وجہ سے مرمت اور بحالی کا کام نہ ہو سکا۔ مذکورہ جیل پر مرمت کے اخراجات کا تخمینہ 11.487 ملین ہے۔

(ii) مذکورہ جیل میں جزوی مرمت ہو چکی ہے جبکہ مکمل بحالی کیلئے آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 2011-12 میں سکیم "مرمت و بحالی سب جیل بٹگرام" کے عنوان سے شامل کرنے کیلئے تجویز دی گئی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: ہاں جی۔ اس میں دو سپلیمنٹری ہیں جی۔ یہ جزو (ii) کے جواب میں کہتے ہیں کہ مذکورہ جیل میں جزوی مرمت ہو چکی ہے جبکہ مکمل بحالی کیلئے آئندہ سال ترقیاتی پروگرام 12-2011 میں سکیم "مرمت اور بحالی سب جیل بٹگرام" کے عنوان سے شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس سے اندازہ لگائیں کہ ہمارا یہ جواب کتنا بوسیدہ ہے؟ میں دوبارہ پڑھتا ہوں جی، مذکورہ جیل میں جزوی مرمت ہو چکی ہے جبکہ مکمل بحالی کیلئے آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 12-2011، جو کہ گزر گیا ہے جی، اس کے بارے میں کہہ رہے ہیں، میں مرمت اور بحالی سب جیل بٹگرام کے عنوان سے شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ اس طرح یہ سوال تو بہت پرانا ہے، اپنی اہمیت ختم کر دیتا ہے۔ میں نے اس کا ذکر کیا ہے جی اور وہاں پر واٹر سپلائی کا انتظام نہیں ہے جی، تو لوگ واٹر سپلائی کیلئے بہت پریشان تھے تو میں نے ان سے یہ وعدہ کیا تھا کہ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: واٹر سپلائی، پانی کا؟

مفتی کفایت اللہ: ہاں جی، پانی کا انتظام نہیں ہے اور یہ جو جرم ہے نا جی، جرم اور انسانی معاشرہ ساتھ ساتھ رہتا ہے، یہ تو کل وقتی کام، جزوقتی تو ہے نہیں، اگر محترم وزیر صاحب ۔۔۔۔۔

جناب انور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب تاج محمد خان ترند: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی یو منٹ، ودریږه جی، اول هغه پاشیدو جی۔ انور خان۔ ته بیا ترند صاحب۔ تاسو انور خان صاحب، آنریبل انور خان صاحب۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب! دیر اپر کښې یو وړوکے غونډې جیل دے چې هغه د کرایه په بلډنګ کښې دے او هغه بلډنګ هم داسې دے چې نن سبا حالات خراب دی، زمونږ ډسټرکټ جیل له زمکه اخستې شوې ده او زما په دیکښې ضمنی کوئسچن دا دے چې آیا په دغه دیر اپر کښې چې زړه ضلع ده، زمکه شته دے جی نو په هغه جیل باندې د کار شروع کیدو د حکومت څه زر اراده شته که نشته دے جی؟ د کرایه په بلډنګ کښې وړوکے جیل دے، زمونږ عام جیلیان چې کوم دی، هغوی تیمرګرې ته راوړی۔

جناب سپیکر: تاج محمد خان ترند صاحب، جی۔

جناب تاج محمد خان ترند: شکریه، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یو معلومات مې د هاؤس په دغه کښې راوستل۔ دا مفتی صاحب چې کوم کوئسچن کړے دے جی، دا واقعی د زلزلې نه وروستو د بټګرام قیدیانو ته ډیر زیات تکلیف وو جی، دا به په مانسهره جیل کښې ساتلی شول خو ما دلته کښې یو کال اټنشن پیش کړے وو جی نو په هغې باندې زمونږ لا ء منسټر صاحب مونږ ته دا ایشورنس راکړو چې دا به ډیر زر بټګرام ته شفټ کړو جی۔ نو زه د لا ء منسټر صاحب جی، ستاسو او د حکومت ډیر زیات مشکوریم جی چې د هغه کال اټنشن لاندې په یو ورځ ایکشن وشو او په Next dayهغه قیدیان بټګرام ته شفټ شو۔ نو دغه یو خبره مې پیش کوله۔

جناب سپیکر: شکریه۔ دغه شان چې لږ ښه خبره وی نو هغه هم لږ وایئ چې Appreciate کیږی جی۔ جی آنریبل لا ء منسټر صاحب، مفتی صاحب وائی تګی دی۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: نه یو خو دا جواب زما خیال دے ډیر مخکښې به راغلے وو، دا لیټ شوے دے، بهرحال داسې ده چې اوس خو هغه بټګرام والا جیل هم اوس څنګه دوئ او فرمائیل چې هغه هم فنکشنل شو او مفتی صاحب چې کومه وعده کړې وه، ان شاءالله هغه به پوره کوؤ جی۔ زه به آئی جی جیلخانه جات ته انسټرکشنز ورکوم چې مفتی صاحب کومه وعده کړې ده قیدیانو سره، هغه ورله زر تر زره په دې Current financial year کښې پوره کړئ۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: انور خان به بل سوال راوړی ځکه چې دا په فریش کوئسچن، دا انوردا چې کوم دے کنه جی، دوئ به فریش کوئسچن راوړی نو بیا به Properجواب راشی ځکه چې ما سره خو د دې کوئسچن هیڅ څه تعلق نشته او نوے کوئسچن دے۔

جناب سپیکر: د دیر متعلق څه معلومات نشته؟

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب، یو منت جی، زه ستا سو شکریه ادا کوم جی۔ یو خو د ارشد عبد اللّٰه شکریه ادا کوم چې دوئ زما هغه Promise own کړو او بل زه هغه قیدیانو ته زیرے هم ورکوم چې د هغوی انتظام ان شاء اللّٰه وشو۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔ جی مفتی، هغه بل سوال ستا سو نمبر څه دے جی؟

مفتی کفایت اللہ: جی 78۔

جناب سپیکر: جی۔

* 78 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت محکمہ داخلہ کو فنڈ مہیا کرتی ہے جس سے پولیس کیلئے اسلحہ و کارتوس خریدے جاتے ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ پولیس، خیبر پختونخوا کیلئے اسلحہ و کارتوس کی خریداری کیلئے کن کن ذرائع سے اور کتنا فنڈ موصول ہوا ہے، نیز کل کتنا اسلحہ کارتوس خریدا گیا، اس کا طریقہ کار کیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے;

(ii) مذکورہ اسلحہ و کارتوس کن کن کمپنیوں سے خریدا گیا ہے، ان کے نام اور تقابلی جائزہ، مکمل تفصیل فراہم کی جائے;

(iii) اسلحہ و کارتوس کی خریداری کو باقاعدگی سے محفوظ بنانے کیلئے کیا احتیاطی تدابیر اختیار کی گئی ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ پولیس، خیبر پختونخوا کیلئے اسلحہ و کارتوس کی خریداری کے ذرائع فنڈز اور اسلحہ و کارتوس کی تعداد کی تفصیل درج ذیل ہے:

سال 08-2007

1۔ نائن ایم ایم پستول تعداد: 1322 مالیت: 58.998 ملین

مذکورہ بالا اسلحہ کی خریداری کیلئے مندرجہ ذیل فرموں نے ٹینڈر میں حصہ لیا:

(i) میسرز بام ایسوسی ایٹس لاہور۔

(ii) میسرز مجید اینڈ سنز پشاور۔

(iii) میسرز ظفر اظفر اینڈ کو لاہور۔

(iv) میسرز شاہد ٹریڈرز پشاور۔

(v) میسرز ہیپی ٹریڈرز کوئٹہ۔

مذکورہ اسلحہ کے ٹیسٹ ٹرائل کمیٹی کے ممبران کے نام اور عہدہ درج ذیل ہیں:

(i) گل افضل آفریدی، ایس پی، سی آئی ڈی۔

(ii) عبدالمجید آفریدی، ڈی ایس پی، اے ٹی ایس سکول، نوشہرہ۔

(iii) شاہ نواز خان، سب انسپکٹر، اے ٹی ایس سکول، نوشہرہ۔

مذکورہ بالا اسلحہ کی خریداری کیلئے سپلائی آرڈر مندرجہ ذیل فرموں کو دیا گیا:

(i) میسرز شاہد ٹریڈرز پشاور تعداد 1000 عدد۔

(ii) میسرز ہیپی ٹریڈرز کوئٹہ تعداد 322 عدد۔

(iii) میسرز نورینکو چائنا نارتھ انڈسٹری کارپوریشن، بیجنگ، چائنا۔

مذکورہ اسلحہ اور کارتوس کی خریداری کیلئے انٹر ڈیپارٹمنٹل پرچیز کمیٹی کے ممبران کے نام اور عہدہ درج ذیل ہیں:

(i) عبدالمجید خان مروت، ایڈیشنل آئی جی، ہیڈکوارٹرز، پشاور۔

(ii) امیر حمزہ محسود، ایڈیشنل آئی جی، سپیشل برانچ۔

(iii) محمد سلیمان خان، ڈی آئی جی، ہیڈکوارٹرز۔

(iv) ساجد علی خان، اے آئی جی، فنانس اینڈ پروکیورمنٹ۔

(v) ممتاز احمد، اے آئی جی، لیگل۔

(vi) محمد ہاشم، اسسٹنٹ، پی اینڈ ڈی۔

(vii) عنایت اللہ خان، ایس او پولیس II، ہوم ڈیپارٹمنٹ۔

(viii) محمد جاوید، بجٹ آفیسر III، فنانس ڈیپارٹمنٹ۔

2۔ کارتوس، جی تھری:

وزارت داخلہ اسلام آباد کی NOC کیلئے واہ انڈسٹری کا کیس 'انڈر پراسیس' ہے۔

(ii) مذکورہ بالا اسلحہ وکارتوس کی خریداری جن جن فرموں سے کی گئی ہے۔ ان کے نام اور باقی تفصیل اوپر بیان کی جا چکی ہے۔ تاہم ہر خریداری کا تقابلی جائزہ (Comparative statement) ایوان کو فراہم کی گئی۔

(i) خریداری قوانین 2003 (Procurement Rules 2003) کے تحت ہر خریداری کیلئے تمام اقدامات پورے کئے گئے ہیں۔ سال 08-2007، 09-2008 اور 10-2009 میں ساری خریداری انٹر ڈیپارٹمنٹل پرچیز کمیٹی (Inter Departmental Purchase Committee) کے ذریعے کی گئی۔ جس کی تفصیل اوپر بیان کی گئی ہے۔ جس کی وجہ سے کوئی بے قاعدگی نہیں ہوئی ہے۔ مزید تمام خریدا ہوا اسلحہ وکارتوس انسپکٹریٹ آف ارمامنٹ، جی ایچ کیو راولپنڈی سے ٹیسٹ کرایا گیا۔ جسے درست، موزوں اور قابل استعمال قرار دیا گیا۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: نه جی انتهائی اطمینان دے جی، ما انفارمیشن غوښتی وو چې اسلحې او د کارتوس اخستو کومه طریقه ده؟ دوئ خاص طریقې سره مونږ ته ښودلې دی جی، زه دې نه مطمئن شوم جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو جی۔ جی نصیر محمد خان صاحب۔

<u>جناب نصیر محمد میداد خیل</u>: دا څنګه (ب) کښې تاسو جواب وګورئ جی، نائن ایم ایم پستول، تعداد 1322، قیمت 58.998، دا خو د یو تماچې قیمت تقریباً چار لاکھ نه زیات شو جی، نو مارکیټ کښې د دې تماچې قیمت تقریباً ساٹھ او ستر هزار دے نو دیکښې دوئ دا دومره زیات قیمت ولې دلته لګولے دے؟ دوئ مونږ ته تفصیل راکړی چې دا څه وجه ده جی، تاسو لږ دا تقسیم که وکړئ جی، دلته کیلکولیټر کله کله پروت وی، زما خیال دے چې چار لاکھ نه باندې قیمت د یو تماچې راځی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: میرے خیال میں آپ سے زیادہ پتہ مفتی صاحب کو ہے، وہ بڑا صحیح۔۔۔۔

<u>جناب نصیر محمد میداد خیل</u>: مفتی صاحب تو Already اس میں بیٹھ چکے ہیں، لیکن جب میں نے یہ دیکھا تو میں خود حیران رہ گیا کہ چار لاکھ روپے کا پستول یہ لے رہے ہیں جبکہ مارکیٹ میں ساٹھ اور ستر ہزار میں یہ پستول نائن ایم ایم مل رہا ہے جی۔

جناب سپیکر: پوچھتے ہیں جی، ٹریژری بنچز، جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

بیرسٹرارشد عبداللہ(وزیرقانون): داسې ده جی، نصیر خان به زما خیال ډیره زړه خبره کوی، نن سبا تاسو زه به چیلنج ورکوم چې کومې طماچې اخستلې شوې دی، د دې قیمت نن سبا مارکیټ کښې درې څلور لکهه روپې، درې څلور لکهه، دا عام نائن ایم ایم نه ده جی، دا ډیر دغه دی، دا Block 17, Block 19، دا خو دومره ګرانه طماچه، هغه خو Available نه دی او دا خو جی په شپیته شپیته زره روپې والا اخستی دی، هغه باقاعده هر څه، رسیدونه هر څه به وی، په شپیته اویا زره باندې بلاک طماچې اخستې دی، بلاک 17 نن سبا د څلور لکهو نه لاندې ملاویږی نه۔

جناب سپیکر: نو اخستې شوې په شپیته زره دی، اویا زره۔

وزیرقانون وپارلیمانی امور: او په شپیته زره باندې اخستې دی او یا څه کم دی، اوس Exact، دا مختلف قیمتونه دی، بل دا دے چې دیکښې خو پینځه، ډی آئی جیز دی، ایډیشنل آئی جیز دی، د هغوی کمیټی ده جی، نو هغه ټول دغه سی ایس ایس افسران دی، پی سی ایس افسران دی او سینیئر کسان دی، ښه شفاف طریقې سره لکه دا ټول 'پرچیز' شوے دے، داسې څه پرابلم نشته۔

جناب سپیکر: شاہ حسین صاحب۔ جی اسراراللہ خان۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ سر، اس میں میرے خیال میں یہ کہنا کہ شفاف طریقہ ہے، یہ تو میرے خیال میں قبل از وقت ہو گا کیونکہ اس پر نیب کی انکوائری جاری ہے، یہ ہے کہ Calculation میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ کتنے کا پڑا ہے لیکن میرے خیال میں اس میں نیب کی انکوائری جاری ہے اور جب اس کی Findings آ جائیں پھر ہم کہہ سکیں گے۔

جناب سپیکر: آنریبل ثاقب اللہ خان صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، دا تاسو سر هم داسې د Similar nature څلور انکوائریانې جی مونږ ته حواله کړې دی، دوه مونږه Recommendations سره تاسو ته واپس کړې دی جی او په دیکښې جی پرابلم شته دے جی، نو که فرض کړه منسټر صاحب ته پرابلم نه وی، که دا کوئسچن هم هغې سره کمیټۍ ته ریفر کوی او چې کومې انکوائریانې مونږ سره دی جی، که هغې سره ئے Club کړو

نو څه پرابلم به نه وی ځکه چې په دیکښې کومې پیسې دی، هغې کښې ډیر زیات فرق دے جی، نو باقی د منسټر صاحب خپله دغه ده جی۔

جناب سپیکر: آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: ما ته هیڅ اعتراض نشته جی، دا کمیټی بیا ورته کښینی نو کښینی د۔

جناب سپیکر: دا څلور څیزونه چې دی، آنریبل چیئرمین صاحب، ذرا وضاحت کریں کہ اتنی لمبی انکوائری، بہت ٹائم لے گئی، وجہ کیا ہے؟

جناب شاہ حسین: مونږ بالکل انکوائری کړې ده جی او چې کوم د کمیټۍ سفارشات وو، هغه مو راوړی دی دې اسمبلۍ کښې پیش کړی هم دی جی۔

جناب سپیکر: Lay شوی نه دی؟

جناب شاہ حسین خان: جی او دلته کښې اسمبلۍ کښې مو پیش کړی دی او دې نه پاس شوی هم دی جی۔

جناب سپیکر: نه ګورنمنټ ته تلی دی؟

جناب شاہ حسین خان: جی بالکل تلی دی۔

جناب سپیکر: Adopt شوی دی؟

جناب شاہ حسین خان: جی او، خو دا بل دے، دا اوس چې نوے کوم دے، دا د لاړ شی، مخکښنے چې هغې باندې هلته کښې کمیټی کښې فیصله شوې ده دلته کښې-----

جناب سپیکر: نه دغه خو سبجیکټ هم دا دے کنه۔

جناب شاہ حسین خان: او سبجیکټ دا دے جی، سبجیکټ دا دے خو دا ده چې لکه دا کیس او هغه کیس جدا دے جی، مخکښنے چې کوم دا اسلحه ده، د هغې د خرد برد کیس وو، هغه شوے دے او دا کمیټۍ ته ولیږئ جی، مخکښنے چې دے، هغې باندې زمونږ سفارشات راغلی دی۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور: نو بس خنکه چې دوئ مناسب گنړی جی، بس ٹهیک ده، دوئ پرې ټول خوشحالیږی، بالکل د کمیټئ ته لاړ شی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. خو جی گورے داسې په میاشتو میاشتو نه، داسې کوشش کوئ چې څومره زر Disposal کوئ جی۔ دا شاه حسین صاحب، سوال نمبر جی۔

جناب شاہ حسین خان: سوال نمبر 79 جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 79 _ جناب شاہ حسین خان: کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے باچاخان غربت مکاؤپروگرام چار اضلاع میں شروع کیا ہوا ہے;

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پروگرام کیلئے ایک خطیر رقم ایک ارب 50 کروڑ روپے مختص کی گئی ہے;

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پروگرام کو چلانے کیلئے ایک اور تنظیم SRSP کے حوالہ کیا گیا ہے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) باچاخان غربت مکاؤپروگرام کیلئے صوبے میں غربت ناپنے کے طریقے کی تفصیل فراہم کی جائے، اس میں کون کونسے اضلاع شامل ہیں، کل کتنی رقم متعلقہ این جی او کو ریلیز کی گئی ہے، نیز رقم کونسے بینک میں کتنے مارک اپ پر رکھی گئی ہے، مارک اپ سے حاصل شدہ منافع کی تفصیل فراہم کی جائے، متعلقہ این جی او سے کن شرائط پر معاہدہ کیا گیا ہے، مذکورہ پروگرام کیلئے مذکورہ تنظیم نے کل کتنی رقم اپنی طرف سے مہیا کی ہے، تفصیل فراہم کی جائے، اگر نہیں کی گئی ہے تو وجوہات بتائی جائیں;

(ii) ضلع بٹگرام میں این جی او نے غربت مکاؤپروگرام کے کون کونسے منصوبے شروع کئے ہیں، کل کتنی مرغیاں، بکریاں علاقے کے لوگوں میں تقسیم کی گئی ہیں، ہر ایک کا نام، پتہ اور سفارش کنندہ کے

ناموں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز ترقیاتی کاموں کی تفصیل بمعہ سکیم، لاگت کی تفصیل فراہم کی جائے;

(iii) مذکورہ پروگرام کے تحت کل کتنی رقم خرچ کی گئی ہے، چاروں اضلاع کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز کل کتنی رقم باقی ہے اور مذکورہ پروگرام سے ایک خطیر رقم خرچ کرنے سے متعلقہ علاقوں میں لوگوں کے معیار زندگی میں کیا تبدیلی محسوس کی گئی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقیات)}: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(د) (i) باچا خان غربت مکاؤ پروگرام میں غربت ناپنے کیلئے جو طریقہ کار اپنایا گیا ہے، وہ دنیا بھر اور پاکستان میں رائج العمل ہے جس کو "پاورٹی سکور کارڈ" کہا جاتا ہے جس میں ہر گھرانے کی سطح تک سروے کیا جاتا ہے اور پھر کمپیوٹرائزڈ طریقہ کار کے تحت غربت کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔

(ii) جب سے بٹگرام میں پروگرام شروع ہوا ہے، 81 سکیمیں مکمل کی جاچکی ہیں جن کی کل لاگت 26,138,800 ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ 18 سکیمیں DWSS کی ہیں۔

2۔ 35 سکیمیں Sanitation کی ہیں۔

3۔ 26 سکیمیں Roads & bridges کی ہیں۔

4۔ دو سکیمیں ایریگیشن چینلز کی ہیں۔

نوٹ: بٹگرام ترقیاتی منصوبہ جات کی فہرست بمعہ تخمینہ لاگت ایوان میں پیش کی گئی، تخمینہ لاگت پہلے متعین ہے جو کہ PC-1 میں درج ہے۔

(iii) اس پروگرام میں صوبہ خیبر پختونخوا کے چار اضلاع ضلع کرک، دیر اپر، بٹگرام اور مردان شامل ہیں۔ اس پروگرام کے تحت گورنمنٹ نے ابھی تک SRSP کو سال 10-2009 کیلئے مبلغ 246,176 ملین، سال 11-2010 کیلئے 218,328 ملین اور 12-2011 کیلئے ابھی تک 244,796 ملین روپے دیئے ہیں۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ نے SRSP کو 500 ملین Endowment fund بھی دیا ہے جس پر حاصل 13 فیصد منافع سے پروگرام کی آپریشنل کاسٹ ادا کی جاتی ہے۔ یہ رقم گورنمنٹ سے منظور شدہ

PC-1 کے قواعد وضوابط کے مطابق حبیب بینک / الائیڈ بینک میں ڈیپازٹ ہے۔SRSP کو دیا گیا پراجیکٹ باچا خان غربت مکاؤ پروگرام پراجیکٹ، ریویو بورڈ اور محکمہ پلاننگ اور ڈیویلپمنٹ سے منظور شدہ ہے۔ مذکورہ پروگرام کیلئے SRSP نے تجربہ کار افسران کی ایک ٹیم اپنے اخراجات پر مقرر کی ہے تاکہ وہ پروگرام کے انتظامی امور کی نگرانی کرے اور مزید اس پروگرام کو آگے چلانے کیلئے ڈونرز سے مذاکرات کرے تاکہ مزید فنڈز اس پروگرام میں شامل کئے جا سکیں۔

(نوٹ): اس پروگرام کے PC-1 میں بکریوں کی تقسیم شامل نہیں۔ یہ پراگریس دسمبر 2011 تک کی ہے۔اس پروگرام کے تحت ابھی تک SRSP نے چاروں اضلاع بشمول ضلع بٹگرام میں انسانی اور قدرتی وسائل کی ترقی کیلئے مختلف پروگرام شروع کئے ہیں جن میں سب سے پہلے گاؤں کی سطح تک لوگوں کو منظم کرنا اور مختلف انتظام تربیت دینا۔اس کے بعد گاؤں کی سطح پر غربت کی لکیر سے نیچے تک کے گھرانوں کو بلاسود قرضہ جات کی فراہمی، زراعت، مال مویشی اور گھریلو مرغ بانی کی تربیت، نمائشی پلاٹ لگانا، مال مویشیوں کی ویکسینیشن، لوگوں کو مختلف ہنر میں تربیت دینا، غریب لوگوں کی صحت اور حادثاتی اموات کی انشورنس شامل ہے۔اس کے علاوہ گاؤں کی سطح پر صاف پانی کی فراہمی، گلیوں کی پختگی، ایریگیشن چینلز روڈز کی تعمیر کے منصوبہ جات کی تکمیل کی گئی ہے تاکہ اس سے زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہو سکیں اور صفائی اور بیماریوں سے تحفظ کیلئے مختلف Awareness Companies بھی اس پروگرام کا حصہ ہیں۔

ضلع بٹگرام میں اس پروگرام کے تحت ابھی تک 81 منصوبہ جات مکمل کئے جا چکے ہیں۔اس پروگرام کے تحت چاروں اضلاع میں ابھی تک سوشل موبلائزیشن میں 31.9 ملین رقم خرچ کی گئی ہے اور زراعت اور قرضہ جات میں مبلغ 162.6 ملین رقم خرچ کی گئی ہے۔ ترقیاتی منصوبہ جات پر 140.2 ملین رقم خرچ کی گئی ہے اور سوشل پروٹیکشن میں 56.3 ملین رقم خرچ کی گئی ہے۔اس پروگرام کے تحت 285.7 ملین رقم مزید خرچ کی جائے گی۔اس پروگرام سے متعلقہ علاقوں میں لوگوں کے معیار زندگی میں نمایاں تبدیلی محسوس کی گئی ہے اور ہزاروں خاندان جو کہ غربت کی لکیر سے نیچے تھے، بتدریج ان کی حالت بہتر ہو رہی ہے۔

جناب سپیکر: جی سپلیمنٹری سوال شته؟

جناب شاہ حسین خان: او جی۔ یو شته پکښې جی۔ زما دا عرض دے جی چې د بټګرام، کرک او دیر اپر، مردان، دا څلور ضلعې دی جی، په دې څلورو ضلعو

کښې دوئ بعضې یونین کونسلې اختستی دی نو داسې گزارش مې دے، درخواست مې دے حکومت ته که د دې بټګرام، د کرک، اپر دیر او د مردان دا ټولې یونین کونسلې پکښې شامل کړی نو دا خلق به ترینه مستفید شی، پروګرام ډیر ښائسته دے جی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل مفتی کفایت الله صاحب، ورکړئ فتویٰ پرې جی، هغه خو، مفتی کفایت الله۔

مفتی کفایت اللہ: هغې کښې هم مسئله ده جی۔ زما خو گزارش دا دے، دوئ تجربه وکړه نو د دې پروګرام څه Out putدے ؟ که ښه وی نو دوئ اوس خو حکومت هم اخره اخر کښې دے، ارادې ئے څه دی جی؟ نورو اضلاع ته ئےExtendکوی که نه کوی؟

جناب تاج محمد خان ترند: جناب سپیکر صاحب! سپلیمنٹری جی۔

جناب سپیکر: جی ترند صاحب،تاج محمد خان۔

جناب تاج محمد خان ترند: جناب سپیکر، دا یو ډیر ښه پروګرام دے جی، په څلورو ضلعو کښې زمونږ د صوبې جی۔ زه به د بټګرام حوالې سره خبره وکړم جی چې دا دلته نه خلق ډیر زیات مطمئن دے جی او جناب سپیکر، زما دا د منسټر صاحب نه کوئسچن دے چې آیا دا پروګرام دوئ نور Extension ورکوی که نه دا به په دې کال کښې ختمیږی؟

حافظ اختر علی: جناب سپیکر صاحب، شکریه۔ چونکه مردان هم په دې څلورو اضلاع کښې شامل دے کوم کښې چې دا پراجیکټ شروع دے، زما خپلې حلقې کښې جی هم په دېکښې کارونه شروع دی خو څومره چې مونږه وینو او څومره حالات مونږ ته مخې ته دی نو خالص یو سیاسی پروګرام دے، حالانکه دلته کښې په بجټ کښې هم دا فیصله شوې وه چې یره دا ټول څیزونه به غیر سیاسی وی، خالص د Needپه بنیاد باندې، د غربت په بنیاد باندې، هلته خالص د سیاسی ورکرانو یعنی په هغې بنیاد باندې د دې تقسیم کیږی، منتخب خلق بالکل هغه بجټ مونږه پاس کړو، هغه بیا نظرانداز دے او غیر منتخب سیاسی ورکران خالص د هغې په بنیاد نو، آیا د دوئ نه تپوس کوم چې د دې ازاله به کوی؟

جناب سپیکر: جی آنریبل سینیئر منسٹر۔ ودریږه جی، دا نصیرمحمد خان هم جی څه وئیل غواړی۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر صاحب، سوال به نه کوؤ، پښتنه به نه کوؤ خو دا پښتنې مونږه هم حق لرو چې پښتنه وکړو۔

جناب سپیکر: ولې نه جی۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر، اس میں مردان کا نام آیا ہے، میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں آپ کے توسط سے کہ اگر واقعی مردان ایک غریب ضلع ہے تو وہ یہ تسلیم یہاں فلور آف دی ہاؤس پہ کرلیں، آئندہ ہم جو بھی زکواۃ نکالیں گے، وہ مردان کے لوگوں کو بھیج دیا کریں گے جی۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) جی آنریبل۔

جناب رحیم داد خان {سینئر وزیر (منصوبہ بندی)}: ملک صاحب ډیر ګران دے په مونږه، د ده دا خیال دے چې دا مردان جوړې په لنډن، امریکه کښې دے، په دې پاکستان کښې نه دے۔ زمونږ غریب ورونړه، غریب علاقې په هر یو ضلع کښې شته، څه کښې ډیر زیات، څه کښې کم او دا نه چې صرف دا یو مردان دے، دا یو سکیم راغے او ډیر ښه طریقې باندې شروع شو او څلور ضلعې دی، کرک دے، بټګرام دے او دیر اپر او بدقسمتئ نه د مردان څه کیږی نه، اوسه پورې پکښې یو یونیورسټی هم نه وه، اوسه پورې، حالانکه Fertile landدے، آبادی چې کوم ده، د سټی او د ډسټرکټ، د پیښور نه پس په دیکښې ده۔ مخکښې داسې Lift نه وو ورکړے شوے او خاصکر ایجوکیشن کښې، هیلتھ کښې، دغه کښې، نو چې که هر ځائے کښې چې کوم داسې کمزورئ یا کمے راغلے وی نو دا موجوده حکومت چې کوم دے بلا داسې دغه نه چې یره په دې ځائې کښې پارټی شته، پارټی نشته، زمونږ ممبران شته او نشته خو Need basisباندې هر ځائے کښې کار شوے دے خو زه به د خپل شاه حسین صاحب ډیر مشکور یم او په دې دغه باندې چې زه ګورم د ده Attendance ډیر ښه وی او ډیر ښه طریقې باندې چې کوم دے، د دوئ ښه Role دے، دا پراجیکټ چې کوم ایګریمنټ دے SRSP کوم دے، دا په دې دسمبر کښې دوئ سره هغه ایګریمنټ ختمیږی۔ د Output خبره وشوه نو دا Pre-mature خبره ده، Outputچې څه دے، د دسمبر نه پس

Evaluation به کیږی چې څه کارکردګی ده، که د ده بنه کارکردګی او دا شے بنه وی، Feasible وی نودا صرف نه په دغه موجوده ډسټرکټ کښې، یونین کونسلو کښې به دغه کیږی بلکه ټولو ډسټرکټس ته هغه به خوریږی او دا 'کمټمنټ' دے د چیف منسټر صاحب، د ټول پراونشل ګورنمنټ'کمټمنټ' دے په دې فلور باندې، نو ان شاء الله تعالیٰ او اوسه پورې چې کوم دغه راغی نو ډیر بنه Responseدے۔ حافظ صاحب خبره وکړه، که داسې څه خبره وی نو دا سیشن خو ځله دغه شو، په دې پکار دی چې کوئسچن راولئ، څه بل څه راولئ، کوم ځائے کښې بےقاعدګئ شوې دی یا غلط کار شوے دی نو ان شاء الله تعالیٰ د هغې نوټس به مونږ اخلو۔

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے----

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: دا زما سوال پاتې شو۔

جناب سپیکر: کوم یو پاتې شو؟ ثاقب الله خان، سوال نمبر جی؟

Mr. Saqibullah Khan Chamkani: Sir, ninety two.

جناب سپیکر: جی۔

* 92 _ Mr. Saqibullah Khan Chamkani: Will the Minister for Interior be pleased state that:

a) What is the role of Special Branch in information and intelligence gathering;

b) What is the strength of Special Branch staff in Charsadda and what are their ranks;

c) Did Special branch know about possible threat to Shabqadar F.C Training Centre;

d) If yes, was that conveyed to relevant quarters?

e) If so, was there a security lapse in the unfortunate last terrorist attack on the centre claming lives of recruits?

Mr Ameer Haidar Khan (Chief Minister) (Answered by the Minister Law): Special Branch is the sole intelligence agency of the provincial government, which collects and collates intelligence information of all events, having bearing on law & order. This establishment promptly disseminates information to the provincial

high-ups for operational purposes and to keep them abreast of the prevailing situation.

a) The following strength of Special Branch Staff deployed in Charsadda:-

Inspector	Sub Inspector	ASIs	HCs	FCs
1	1	4	10	4

Apart from the above strength 01 ASI, 03 HCs and 03 Constables have also been deployed in Shabqadar.

b) This establishment issues Source Reports regarding any possible happening in any part of the Province. On 2nd March, 2011 Special Branch has issued a Source Report vide No. 9304/PB, indicating that 03 suicide bombers in school uniform had been sent to target police stations, FC Fort Shabqadar or any other government installations. Similarly another source regarding the dispatch of 02 suicide bombers to Charsadda District from Mohmand Agency has also been sent to the concerned quarters for vigilance and enhanced security arrangement.

c) The source information was conveyed to the relevant quarters. (Copies of the source report presented before the House).

d) On the request of Commandant, Frontier Constabulary, full security cover was given by the Charsadda Police on the eve of Passing out Parade and the function was ended up peacefully. On the fateful day no security cover was demanded by the F.C authorities.

Mr. Speaker: Any supplementary?

Mr. Saqibullah Khan Chamkani: Thank you, Sir.

جناب سپیکر: سپلیمنټری سوال پکښې شته؟

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: شته دے سر۔ سر، دا سوالونه ما کړی وو سر، چې کله دا واقعه شبقدر والا شوې وه او څه یو نیم کال پس د دې جواب راغے او څه سیشن Lapse شوے وو، د هغې د وجې نه جی څه جواب نه ملاویدو خو سر، دیکښې چې کوم، دا ډیر Importantسوالونه دی سر او زه به ریکویسټ کوم چې که تاسو لږ په دې باندې توجه ورکړه جی، سر، دا تاسو وګورئ جی، زما سوال سره دوئ یو دوه نوټسې Source reportجمع کړی دی سر۔ یو District Charsadda, 2nd March, source indicated that 03 suicide bomber clad in school uniform have been sent to target police station, FC Fort Shabqadar

